WWW.NAFSEISLAM.COM

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجھ پہ مولا کا کرم ہے اُن کی نعتیں پڑھتا ہوں
دامن اپنا رب کی رحمت سے میں ہر دم بھرتا ہوں
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ

دھوم ان کی نعت خوانی کی مچاتے جائیں گے
یارسول اللہ کا نعرہ لگاتے جائیں گے
نعت خوانی موت بھی ہم سے چھڑا سکتی نہیں
قبر میں بھی مصطفیٰ کے گیت گاتے جائیں گے
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ

کتنا بڑا ہے مجھ پہ احسانِ مصطفیٰ
کہتے ہیں لوگ مجھ کو ثنا خوانِ مصطفیٰ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ

زیرِ بخشش پاس اپنے کچھ نہیں اس کے سوا
عمر بھر نعتیں سنیں گے اور سناتے جائیں گے
نعت خوانی کا نشہ نس نس میں ایسا چھا گیا
قبر میں بھی عبیدؔ ہم مصطفیٰ کے گیت گاتے جائیں گے
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ

کوئی گفتگو ہو لب پہ تیرا نام آگیا ہے
تیرا ذکر کرتے کرتے یہ مقام آگیا ہے
وہ جسے پی کے شیخ سعدی بلغ العلی پکارے
میرے دستِ ناتواں میں وہی جام آگیا ہے
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
جتنا دیا سرکار نے مجھ کو اتنی میری اوقات نہیں
یہ تو کرم ہے ان کا ورنہ مجھ میں تو ایسی بات نہیں
غور تو کر سرکار کی تجھ پہ کتنی خاص عنایت ہے
کوثر تو ہے ان کا ثنا خواں یہ معمولی بات نہیں
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
تیرا وصف بیاں ہو کس سے تیری کون کرے گا بڑائی
اس گرد سفر میں گم ہے جبریل امیں کی رسائی
اے رضا خود صاحب قرآن ہے مداح حضور
تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
غم نہیں چھوڑ دے یہ سارا زمانہ مجھ کو
میرے آقا تو ہے سینے سے لگانے کے لئے
بخش دی نعت کی دولت مرے آقا نے مجھے

کتنا پیارا وسیلہ سرکار کو پانے کے لئے
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
سینے میں بھرا ہے تیری نعتوں کا خزانہ
عالم میں لٹاتا ہوں کمائی تیرے در کی
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
صدائے درودوں کی آتی رہے گی
جنہیں سن کے دل شاد ہوتا رہے گا
خدا اہلسنت کو آباد رکھے
محمد کا میلاد ہوتا رہے گا
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
اب کے برس بھی ہونٹوں پہ ان کی ثناء رہی
اب کے برس بھی وجد میں گھر کی فضا رہی
اب کے برس بھی مدح کھلتے رہے گلاب
اب کے برس بھی کشت دل و جاں سوا رہی
اب کے برس لب پہ ترانہ تھا نعت کا
اب کے برس بھی چارسو مہکی صبا رہی
اب کے برس بھی شہر سخن میں تھی رونقیں
ب کے برس بھی رقص میں میری صدا رہی

اب کے برس بھی شعر و سخن سے تھی دوستی
اب کے برس بھی دوستو حمد و ثناء رہی
اب کے برس بھی گفتگو صلِ علیٰ رہی
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
آواز عبید تیری بفیضان نعت ہی
سینوں میں عاشقانِ نبی کے اتر گئی
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ
میں صدقے یا رسول اللہ میں صدقے یارسول اللہ